58th Year


# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



## ناقدین کو رہانے کا جوابی وار

کولکتہ نائٹ رائیڈرز کے کپتان اجنکیا رہانے کا صبر جواب دے گیا۔ سن رائزرز حیدرآباد کے خلاف ۶۵ رنز کی عبرتناک ہار کے بعد، جہاں ٹیم کی کارکردگی پر سوالات اٹھے، وہیں رہانے نے اپنے ناقدین پر براہ راست لفظی حملہ کر دیا۔ میچ کے بعد پریس کانفرنس میں عام طور پر خاموش رہنے والے رہانے ایک الگ ہی روپ میں نظر آئے۔(تفصیلات اندر)



## الکاراز ایکشن میں آئے گے

مونٹی کارلو ماسٹرز ٹینس ٹورنامنٹ ۵ اپریل سے موناکو میں شروع ہوگا۔ ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کے لئے تیاریاں عروج پر ہیں۔ یہ مونٹی کارلو ماسٹرز ٹینس کا ۱۱۹ واں ایڈیشن ہوگا جو مونٹی کارلو کنٹری کلب میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کھلے کورٹ پر کھیلا جائے گا جس میں دنیائے ٹینس کے نامور کھلاڑی ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزمائی کریں گے۔(تفصیلات اندر)

جلد نمبر 58 | Sunday 05th April 2026 | ۵ اپریل ۲۰۲۶ بروز اتوار بمطابق ۱۶ شوال ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 93 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net

## اسمبلی کے سپیکر کی محکمہ اطلاعات اور دیگر محکموں کی سراہنا

### پبلک ایڈریس سسٹم (پی اے ایس) کو مؤثر انداز میں چلانے کی تعریف



جموں/سپیکر جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی عبدالرحیم راتھر نے قانون ساز اسمبلی کے بجٹ سیشن 2026ء کے مؤثر اور احسن اِنعقاد کو یقینی بنانے کے لئے محکمہ اطلاعات و تعلقاتِ عامہ (ڈی آئی پی آر) اور دیگر متعلقہ محکموں کی مربوط کوششوں کی ستائش کی۔ سپیکر موصوف نے قانون ساز اسمبلی سیکرٹریٹ، پولیس، صحت، ٹرانسپورٹ، بجلی، مہمان نوازی وخاطر تواضع سمیت دیگر معاون محکموں کی خدمات کی بھی سراہنا کی۔ اُنہوں نے کہا کہ ان کی اِجتماعی کوششوں سے سیشن کے دوران نظم وضبط، سیکورٹی اِنتظامات، لاجسٹک سپورٹ اور اراکین اسمبلی، اَفسران، میڈیا نمائندگان اور مہمانوں کے لئے بلاتعطل سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی گئی۔ یہ بات قابلِ/1





## چند دن پہلے کی برف باری کے بعد پھر تازہ برف باری کا سلسلہ

### وادی میں سرد لہروں کے دوران بدن پر گرم کپڑے نمودار

سرینگر/ یو پی آئی/ وادی کشمیر کے بالائی علاقوں میں گزشتہ رات سے شروع ہونے والی تازہ برف باری اور میدانی حصوں میں وقفے وقفے سے برسنے والی بارشوں نے موسم میں اچانک بڑی تبدیلی پیدا کر دی ہے۔ ایک طاقتور مغربی ہواوں کا سلسلہ جموں وکشمیر پر اثر انداز ہو رہا ہے، جس کے نتیجے میں درجہ حرارت میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے اور سردی کی شدت ایک بار پھر بڑھ گئی ہے۔ محکمہ موسمیات اور انتظامیہ کے مطابق صدرنہ ٹاپ، رازدن ٹاپ، گریز، تولیل، سادنہ، مغل روڈ، مرگان ٹاپ اور گلمرگ کے آفرواٹ پہاڑی سلسلے سمیت تقریباً تمام بلند مقامات پر تازہ برف باری ریکارڈ کی گئی ہے۔ سونمرگ—زوجیلا محور پر بھی برف جمع ہونے سے ٹریفک شدید متاثر ہوا ہے۔ اسی طرح گلمرگ، سونمرگ اور دیگر سیاحتی مقامات کی پہاڑی چوٹیاں دوبارہ سفید ہوگئی ہیں۔ میدانی علاقوں، خصوصاً سرینگر، بڈگام، پلوامہ، اننت ناگ اور بارہمولہ/2

## کیرالہ میں انقلابی تبدیلی آنے والی ہے/ وزیر اعظم مودی

### 4 مئی کو نتائج آنے کے ساتھ ہی، دہائیوں کی بدانتظامی کا خاتمہ ہو جائے گا

سرینگر/ یو پی آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے ہفتے کے روز کیرالہ کے شہر ترووالا میں ایک بڑے انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ ریاست میں پہلی بار بی جے پی۔ این ڈی اے حکومت بننے جا رہی ہے اور عوام کی بڑھتی ہوئی حمایت اس بات کی واضح نشاندہی کرتی ہے کہ ''کیرالا ایک بڑی تبدیلی کے دہانے پر کھڑا ہے''۔ مودی نے اپنے خطاب میں کہا کہ وہ اس سے پہلے بھی کئی بار کیرالہ آ چکے ہیں، مگر اس بار ہوا کا رخ بدلا ہوا نظر آ رہا ہے۔ ''کیرالا میں اس بار سب سے بڑی تبدیلی ہونے والی ہے۔ 9 اپریل کو ہونے والی ووٹنگ کے بعد، اور 4 مئی کو نتائج آنے کے ساتھ ہی، دہائیوں کی بدانتظامی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ یہ طے ہے کہ ایل ڈی ایف حکومت کا زوال شروع ہو چکا ہے۔'' جلسہ گاہ کی جانب آتے ہوئے عوام کے جمِ غفیر کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ جس راستے سے وہ گزرے وہاں ہزاروں لوگ کھڑے ہو کر ان کا استقبال کر رہے تھے۔ ''بائیں محاذ انسانی زنجیر کی بات کرتا ہے، لیکن کیرالا کے عوام نے آج این ڈی اے کے لیے محبت کی انسانی دیوار کھڑی کر کے جواب دے دیا ہے۔'' مودی نے بتایا کہ حال ہی میں انہوں نے ''میرا بوتھ سب سے مضبوط'' مہم کے دوران کیرالا کے پانچ ہزار شکتی کیندروں سے وابستہ ایک لاکھ پچیس ہزار کارکنوں سے طویل گفتگو کی، اور سب کا مشترکہ پیغام یہی تھا کہ ''کیرالا نے اس بار ایل ڈی ایف حکومت کو گھر بھیجنے کا فیصلہ کر لیا ہے''۔ وزیر اعظم نے جلسے کے دوران این ڈی اے امیدوار انوپ اینٹونی کی کارکردگی اور خدمات کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ انوپ نے گزشتہ پانچ برسوں میں ان کے ساتھ انتہائی دیانتداری اور خاموشی کے ساتھ کام کیا ہے۔ ''وہ مخلص، سنجیدہ اور انتھک کارکن ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ کیرالا کو ایسے



نوجوان اور متحرک لیڈر کی ضرورت ہے۔ آج میں انہیں آپ کے حوالے کر رہا ہوں کہ یہ آپ کی خدمت کریں۔'' مودی نے اپنی تقریر میں مرکز کی جانب سے کیرالہ کو دی جانے والی مالی امداد اور ترقیاتی منصوبوں کا خصوصی ذکر کیا اور الزام لگایا کہ ایل ڈی ایف اور یو ڈی ایف دونوں نے ریاست کی ترقی کو بری طرح نظر انداز کیا ہے۔ ان کے مطابق ''سڑکیں خستہ حال ہیں، برسوں سے کوئی نیا پل نہیں بنا، میڈیکل کالج کی حالت ناقابلِ قبول ہے۔ بنیادی ڈھانچہ تباہ حال ہو تو عوام کی زندگیوں پر کیا/3

## سپیکر نے اسمبلی کی کارروائی غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی

جموں/سپیکر جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی عبدالرحیم راتھر نے آج ایوان کی کارروائی غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔

## 10 ہزار روپے بطور ''رشوت'' لیتے ہوئے

### پولیس کانسٹیبل رشوت لیتے ہوئے گرفتار

سرینگر/ یو این ایس/ جموں وکشمیر میں انسداد بدعنوانی بیورو نے راجوری ضلع کے تھنہ منڈی پولیس اسٹیشن میں تعینات ایک ہیڈ کانسٹیبل کو مبینہ طور پر 10 ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے گرفتار کر لیا۔ حکام کے مطابق ملزم کی شناخت محمد الیاس کے طور پر ہوئی ہے، جو تھنہ منڈی پولیس اسٹیشن میں تعینات تھا۔ یو این ایس کے مطابق یہ کارروائی عبدالحمید نامی شہری کی شکایت پر عمل میں لائی گئی، جو ضلع ریاسی کا رہائشی ہے۔ شکایت گزار نے الزام لگایا کہ پولیس اہلکار اس کی گاڑی، جو ایک حادثے میں ملوث تھی، کی رہائی کے لیے رشوت طلب کر رہا تھا۔ شکایت کے مطابق عبدالحمید پہلے ہی 5 ہزار روپے ادا کر چکا تھا، تاہم اس کے باوجود اسے مزید 10 ہزار روپے دینے کے لیے دباؤ ڈالا جا رہا تھا۔ اس نے کہا کہ رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں کیس کو طول/4

## گاندربل تصادم میں مارے گئے شخص کی شناخت

### ATM کارڈ سے ہوئی/ سرکاری ذرائع

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے گاندربل ضلع میں یکم اپریل کو تصادم میں مارے گئے شخص کے پاس سے ملے اے ٹی ایم کارڈ سے تفتیش کاروں نے اس کی شناخت کر لی ہے۔ سرکاری ذرائع نے ہفتہ کو یہ اطلاع دی۔ فوج نے یکم اپریل کو دعویٰ کیا تھا کہ گاندربل کے ارحامہ میں پولیس کے ساتھ مشترکہ مہم میں ایک دہشت گرد مارا گیا ہے۔ متوفی کے اہل خانہ نے اس کی شناخت 28 سالہ راشد احمد مغل کے طور پر کی، جو کامرس میں پوسٹ گریجویٹ تھا۔ اہل خانہ نے دعویٰ کیا کہ اس کا دہشت گردی سے کوئی لینا دینا نہیں تھا اور انہوں نے اسے 'فرضی 'انکاؤنٹر قرار دیتے ہوئے تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ اس تنازعہ کے درمیان، جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جمعہ کو اس انکاؤنٹر کی مجسٹریٹ انکوائری کا حکم دیا اور انصاف کا یقین/5

## جی پی فنڈ میں خرد برد، ٹیکس کی بے ضابطگیوں پر آئی پی ایس افسر معطل

### لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی طرف سے حکم صادر کیا گیا

جموں/ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر نے آئی پی ایس افسر سنجیو کمار کھجوریا کو مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی تحقیقات کے لیے فوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ گورنمنٹ آرڈر نمبر 185-ہوم آف 2026 مورخہ 25 مارچ 2026 کے مطابق، کھجوریہ، جو جے کے اے پی-4 سیکورٹی بٹالین کے کمانڈنٹ کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے اور کمانڈنٹ، پہلی بارڈر بٹالین جموں کا اضافی چارج بھی سنبھالے ہوئے تھے، ان پر جی پی کی آمدنی سے متعلق فنڈز میں غلط استعمال کے الزامات کا سامنا ہے۔ JKAP-4 سیکورٹی بٹالین کے پولیس اہلکاروں نے خبر رساں ایجنسی کشمیر ڈاٹ کام کی اطلاع دی۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ معطلی کی مدت کے دوران، افسر پولیس ہیڈ کوارٹر، جموں وکشمیر سے منسلک رہے گا۔

## امریکی جنگی جہاز کی تباہی مذاکرات پر اثر انداز نہیں ہوگی/ ٹرمپ

### ایرانی خبر رساں ایجنسی ''تسنیم'' نے دعویٰ کیا کہ ایک امریکی پائلٹ کو گرفتار کر لیا گیا ہے



واشنگٹن/ یو این آئی/ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی جنگی طیارہ گرائے جانے کا واقعہ ایران کے ساتھ جاری جنگ کے خاتمے سے متعلق مذاکرات پر اثر انداز نہیں ہوگا۔ "این بی سی نیوز "کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے جمعے کی رات کہا کہ جنگی صورتحال میں ایسے واقعات پیش آتے رہتے ہیں اور یہ مذاکراتی عمل کو متاثر نہیں کریں گے۔ برطانوی اخبار "دی انڈیپنڈنٹ "کے مطابق ایک مختصر انٹرویو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ اس بارے میں کوئی فیصلہ کرنے کے لیے تیار نہیں کہ اگر لاپتہ امریکی پائلٹ زخمی حالت میں پایا گیا تو امریکہ کیا ردعمل دے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ایرانی افواج اس پائلٹ تک پہنچ جاتی ہیں تو ممکنہ کارروائی کے حوالے سے فی الحال کوئی تبصرہ نہیں کیا جا سکتا۔ ایرانی ویب سائٹ "نور نیوز "کے مطابق ایک ایرانی عہدے دار نے بتایا کہ گرنے والے امریکی طیارے کے لاپتہ عملے کی تلاش جاری ہے۔ ایران/6

## افواہوں کے برعکس ایرانی تیل کی درآمد کیلئے ادائیگی کی کوئی رکاوٹ موجود نہیں ہے

### ایرانی تیل کے ٹینکر کا رخ چین موڑنے کی رپورٹ غلط/ وزارتِ پیٹرولیم

نئی دہلی/ یو این آئی/ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے ان میڈیا رپورٹس کی سختی سے تردید کی ہے جن میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ ایران سے خام تیل لانے والے ایک بحری جہاز کو 'ادائیگی کے مسائل ' کی وجہ سے ہندوستان کے بجائے چین کی طرف موڑ دیا گیا ہے۔ وزارت نے ہفتہ کے روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جاری ایک بیان میں کہا کہ ان خبروں اور سوشل میڈیا پوسٹس میں کوئی صداقت نہیں ہے کہ ایرانی خام تیل کا کارگو ادائیگی کے تنازعہ کے باعث واڈینار (ہندوستان) سے چین منتقل کر دیا گیا ہے۔ وزارت نے واضح کیا کہ ہندوستانی ریفائنریوں نے اپنی خام تیل کی ضروریات کو مکمل طور پر محفوظ کر لیا ہے، جس میں ایران سے سپلائی بھی شامل ہے، اور افواہوں کے برعکس ایرانی تیل کی درآمد کے لیے ادائیگی کی کوئی رکاوٹ موجود نہیں ہے۔ جمعرات کو جہاز رانی کی ٹریکنگ سائٹ کے حوالے سے میڈیا رپورٹس میں کہا گیا تھا کہ تقریباً چھ لاکھ بیرل خام تیل لے کر ایسواتینی کے جھنڈے والا ٹینکر 'پنگ شن 'ہندوستان کی/7

## جموں وکشمیر اسمبلی میں گاندربل جھڑپ کی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ

### نیشنل کانفرنس، کانگریس، پی ڈی پی کے اراکین کی ایک ہی آواز میں مطالبہ

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر اسمبلی میں ہفتہ کو گاندربل تصادم پر کافی ہنگامہ ہوا اور ارکان نے تشویش ظاہر کرتے ہوئے معاملے کی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ نیشنل کانفرنس، کانگریس اور پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے ارکان نے ایک آواز میں 31 مارچ کو ہوئے حالیہ گاندربل انکاؤنٹر کی عدالتی جانچ کا مطالبہ کیا۔ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے ارکان اسمبلی کو چھوڑ کر، دیگر تمام ارکان اسمبلی نے اس قتل کی مذمت کی اور ایوان کی کارروائی شروع ہوتے ہی اسپیکر عبدالرحیم راتھر سے اس موضوع پر بیان دینے کا مطالبہ کیا۔ اس دوران اسمبلی اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے ایوان کو مطلع کیا کہ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے اس معاملے میں پہلے ہی وقت کی حد کے اندر تحقیقات کے احکامات دے دیے ہیں۔ واضح رہے کہ فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ 31 مارچ کو وارہامہ کے جنگلوں میں فائرنگ کے دوران مارا گیا شخص ایک دہشت گرد تھا، جس کی شناخت گاندربل کے راشد احمد مغل کے طور پر ہوئی ہے۔ وہیں متوفی کے اہل خانہ نے اس کے بے قصور ہونے کا دعویٰ کرتے ہوئے الزام لگایا کہ اس کے کوئی دہشت گردانہ تعلقات نہیں تھے۔ اہل خانہ نے/8

## پرائیویٹ یونیورسٹیز بل اور جن وشواس دوم ترمیمی بل منظور

### وزیر تعلیم سکینہ ایتو اور وزیر زراعت جاوید احمد ڈار کی طرف سے پیش کئے گئے تھے

جموں/ ایوان نے آج جموں وکشمیر پرائیویٹ یونیورسٹیز بل 2026 (ایل اے بل نمبر 08 آف 2026) منظور کیا جو جموں وکشمیر میں پرائیویٹ یونیورسٹیوں کے قیام اور شمولیت سے متعلق ہے۔ وزیر برائے تعلیم سکینہ اِیتو کی طرف سے پیش کردہ بل میں لکھا گیا ''یہ ایک ایسا بل ہے جس کے ذریعے جموں وکشمیر یونین ٹیریٹری میں پرائیویٹ یونیورسٹیوں کے قیام اور ان کی شمولیت کا انتظام کیا جائے گا اور ان کے کام کاج، انتظام و انصرام اور تعلیمی معیار کو منظم کیا جائے گا تاکہ معیاری تعلیم کو یقینی بنایا جا سکے اور طلباً کے مفادات کا تحفظ ہو۔'' اُنہوں نے بل کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے اس بل کی تیاری سے قبل جموں وکشمیر کے اعلیٰ تعلیمی شعبے سے متعلق تمام مسائل اور خدشات کو مدنظر رکھا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ یہ بل پرائیویٹ یونیورسٹیوں کے قیام کی راہ ہموار کرے گا اور یہاں کے اعلیٰ تعلیمی شعبے کو فروغ دے گا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ اس سے جموں وکشمیر کے متعدد طلباً کو فائدہ پہنچے گا جو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے جموں وکشمیر سے باہر جاتے تھے۔ اراکین اسمبلی میر سیف اللہ، نظام الدین بٹ، پیرزادہ فاروق احمد شاہ اور تنویر صادق نے اس بل پر ترامیم پیش کیں۔ تاہم، وزیر تعلیم کی یقین دہانی کے بعد اُنہوں نے اَپنی ترامیم واپس لے لیں۔ رُکن اسمبلی بلونت سنگھ منکوٹیہ نے بھی ایک ترمیم پیش کی جسے صوتی ووٹ کے ذریعے/9

## وزیر اعلیٰ کی سکینہ ایتو کو مبارک باد

### شراکت داروں کی بھی ستائش

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے وزیر تعلیم سکینہ اِیتو اور تمام شراکت داروں کو مُبارک باد دیتے ہوئے آج کہا کہ جموں وکشمیر پرائیویٹ یونیورسٹیز بل کی منظوری نوجوانوں کے لئے ایک سنگ میل ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی نے آج پرائیویٹ یونیورسٹیز بل منظور کیا ہے جو ہمارے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی تشکیل کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی نے جموں وکشمیر پرائیویٹ یونیورسٹیز بل، 2026 (ایل اے بل نمبر 08 آف 2026) منظور کیا۔ عمر عبداللہ نے/10

## مغربی ایشیا کے بارے میں کانگریس کے 'اشتعال انگیز' بیانات

### وہاں ہندوستانیوں کی جان کو خطرے میں ڈال رہے ہیں/ مودی

تھرووالا (کیرالہ)// وزیر اعظم نریندر مودی نے ہفتہ کو کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ "اشتعال انگیز" بیانات دے رہی ہے جس کا مقصد مغربی ایشیائی ممالک کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کو سیاسی طور پر نقصان پہنچانا اور اس طرح سیاسی فائدہ حاصل کرنا ہے۔ کانگریس اور اس کے اتحادیوں پر سخت تنقید کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ انہیں صرف الیکشن جیتنے کی فکر ہے۔ پی ایم نے یہاں این ڈی اے کی ایک ریلی میں کہا "میں یہ واضح طور پر کہنا چاہتا ہوں، انتخابات آتے جائیں گے، لیکن ہندوستانیوں کی حفاظت، خاص طور پر مشرق وسطیٰ میں کیرالہ سے آنے والوں کی حفاظت، میری اولین ترجیح ہے، اور میں اسے یقینی بناؤں گا،"۔ مودی نے کہا کہ خلیجی ممالک میں کام کرنے اور رہنے والے کیرالہ کے لاکھوں لوگوں کے علاوہ گوا، تمل ناڈو اور دیگر ریاستوں کے ماہی گیر بھی ہیں جو مغربی ایشیا میں جاری تنازعہ کی وجہ سے ایران اور مشرق وسطیٰ کے کچھ حصوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔ "ہم انہیں بحفاظت واپس لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔/11

## کابل میں بھونچال کا قہر

### ایک خاندان کے 8 افراد جاں بحق

کابل/ یو این آئی/ افغانستان کے دارالحکومت کابل میں زلزلے کے باعث مکان منہدم ہونے سے ایک ہی خاندان کے آٹھ افراد جاں بحق ہو گئے۔ طالبان حکومت نے تصدیق کی ہے کہ جمعے کی شام آنے والے زلزلے کے نتیجے میں کابل صوبے کے ضلع بگرامی میں کم از کم آٹھ افراد جان کی بازی ہار گئے۔ حکام کے مطابق زلزلے کی شدت 5.8 ریکارڈ کی گئی جبکہ اس کی گہرائی 181 کلومیٹر تھی، اور اس کے جھٹکے افغانستان کے علاوہ پاکستان اور انڈیا میں بھی محسوس کیے گئے۔ کابل گورنر کے میڈیا آفس/12

## سکینہ ایتو کی تعلیمی قابلیت پر وحید پرہ کے سوال پر تلخ کلامی عروج پر

### ایوان کے نظم کو بحال کرنے کیلئے سپیکر عبدالرحیم راتھر کو بار بار مداخلت کرنا پڑی





سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کی وزیر صحت و طبی تعلیم سکینہ ایتو اور اپوزیشن پی ڈی پی کے رکن اسمبلی وحید الرحمان پرہ کے درمیان کل اسمبلی اجلاس کے دوران شدید لفظی جھڑپ دیکھنے میں آئی، جو ذاتی حملوں اور سنگین الزامات تک جا پہنچی۔ توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب دیتے ہوئے سکینہ ایتو نے نام لیے بغیر ایک رکن اسمبلی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ ''میری تعلیمی قابلیت پر سوال اٹھانے کا کسی کو حق نہیں... میں نے نہ کبھی ملی ٹنٹ گاڑی میں بٹھائے، نہ ہی پولیس افسران کو استعمال کر کے لوگوں کو قتل کرایا۔'' انہوں نے واضح الفاظ میں کہا، ''میں نے کبھی ابو دجانہ کو گاڑی میں نہیں بٹھایا، نہ ہی کسی ڈی ایس پی کو استعمال کیا۔ ایسے الزامات وہ لوگ لگاتے ہیں جن کی اپنی تاریخ صاف نہیں۔'' یہ الزام اُس وقت سامنے آیا جب پی ڈی پی ایم ایل اے وحید پرہ نے سکینہ ایتو کی تعلیمی قابلیت پر سوال اٹھایا، جس کے جواب میں وزیر نے سخت لہجے میں کہا کہ ان پر نہ جیل میں/13

## آذربائیجان سرحد ایک ہفتے سے بند، سینکڑوں کشمیری طلبہ ایران میں پھنس گئے

### حکومت ہند سے متاثرین کی فوری واپسی کیلئے ہنگامی اقدامات کی استدعا

سرینگر/ یو این ایس/ ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی کے دوسرے مہینے میں داخل ہونے کے ساتھ ہی سینکڑوں کشمیری طلبہ ایران میں پھنس کر رہ گئے ہیں، جبکہ آذربائیجان کی سرحد گزشتہ ایک ہفتے سے بند ہونے کے باعث ان کی واپسی کا عمل تقریباً معطل ہو چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق زیادہ تر متاثرہ طلبہ میڈیکل کے طالب علم ہیں جو ایران کے مختلف شہروں سے سرحدی علاقوں تک پہنچے، تاہم آذربائیجان اور آرمینیا کے راستوں پر پیش آنے والی رکاوٹوں کے باعث وہ آگے سفر کرنے سے قاصر ہیں۔ یو این ایس کے مطابق وزارت خارجہ کے مطابق اب تک 1,171 بھارتی شہریوں کو زمینی راستوں کے ذریعے ایران سے نکالا جا چکا ہے، جن میں 818 طلبہ شامل ہیں۔ ان میں سے 977 افراد آرمینیا کے راستے جبکہ 194 آذربائیجان کے ذریعے باہر منتقل ہوئے، جہاں سے انہیں پروازوں کے ذریعے بھارت واپس بھیجا گیا۔ تاہم زمینی حقائق اس سے مختلف نظر آتے ہیں۔ سرحد پر موجود طلبہ کے مطابق آذربائیجان کے راستے انخلا کا عمل انتہائی سست ہو چکا ہے اور گزشتہ ایک ہفتے سے کسی بھی طالب علم کو سرحد عبور کرنے کی/14

